106479-بالغ ہونے کے باوجود روزے نہیں رکھ سکتی

سوال

ایک گیارہ برس کی لڑکی کو ماہواری آنا شروع ہو چکی ہے لیکن اس کی صحت اتنی اچھی نہیں کہ وہ روزے رکھ سکے تو کیا اس پر بھی روزے رکھنے لازم ہیں، اور اگر نہ رکھ سکے تو کیا لازم آئیگا ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو واقعتا ایسا ہی ہے جیسا سوال میں بیان کیا گیا ہے تو اس لڑکی پر روزے رکھنا فرض ہیں، کیونکہ حیض عورتوں کے لیے بالغ ہونے کی علامت ہے، اگر عورت کو نو برس یا اس سے زائد کی عمر میں ماہواری آنا شروع ہو جائے تو وہ بالغ کہلائیگی.

اس لیے اگر وہ روزہ رکھنے کی استطاعت رکھتی ہو تو اسے بروقت رمضان المبارک میں ہی روزے رکھنا واجب ہونگے، اور اگر وہ ایسا کرنے سے عاجز ہو یا پھر اسے روزے رکھنے میں شدید مشقت کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو اس پر رمضان کے بعد قدرت رکھنے کے وقت ان ایام کی قضاء میں روزے رکھنا واجب ہونگے جو اس نے رمضان میں نہیں رکھے تھے " انتہی .